# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2016, GRADE - 8
## URDU PART - A (Objective Type)

**MODEL PAPER:1**

**Part A:48 marks, Part B:52 Marks, Total Marks:100**

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

| | |
|---|---|
| Student Name (in Capitals) | |

| Roll Number (In Figures) | | | - | | | | - | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| | |
|---|---|
| Total Marks MCQs | |
| Signature of Examiner | |
| Signature of Head Examiner | |

For official use only

Superintendent Signature ______________________________

عمومی ہدایات:

(1) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔ طلبہ جواب دینے سے پہلے ہر سوال کو غور سے پڑھ لیں۔

(2) ایک سے زیادہ دائروں والے سوالات کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔

(3) کثیر الانتخابی سوالات کے صحیح جواب پر کالی یا نیلی روشنائی سے نیچے دی گئی مثال کے مطابق دائرہ لگائیں۔

مثال: ڈینگی وائرس پھیلنے کا سبب ہے ایک مخصوص:

(a) مکھی (b) مکڑا (c) مچھر (d) بھڑ

کل وقت: 60 منٹ — اردو (حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات — کل نمبر: 48

خصوصی ہدایت: اس حصہ میں پچیس کثیر الانتخابی طرز کے سوالات دیے گئے ہیں۔ ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر 1۔ جس کی عبادت کی جائے کہلاتا ہے:

(a) عابد (b) معبود (c) محبوب (d) نمازی

سوال نمبر 2۔ ”پرچہ حل کر دیا گیا“۔ یہ جملہ فعل معروف کے مطابق ہوگا:

(a) پرچہ حل کر دیا گیا ہے۔ (b) پرچہ حل کر دیا جائے گا۔ (c) میں نے پرچہ حل کر دیا۔ (d) پرچہ حل کر دیا گیا تھا۔

سوال نمبر 3۔ کسی کے وفات پانے پر محاورہ بولا جاتا ہے:

(a) دارفانی سے کوچ کر جانا (b) ملک سے کوچ کر جانا

(c) علاقے سے کوچ کر جانا (d) شہر سے کوچ کر جانا

Result.pk

سوال نمبر4۔ تبلیغ کرنے والا کہلاتا ہے:

(a) مبلّغ (b) محقق (c) مفسّر (d) محدّث

سوال نمبر5۔ کوئی شخص بلاوجہ پریشانی اپنے ذمہ لے تو کہا جاتا ہے:

(a) آ اُونٹ مجھے مار (b) آ گھوڑے مجھے مار (c) آ بیل مجھے مار (d) آ ہاتھی مجھے مار

سوال نمبر6۔ ''غیر'' سابقہ سے بننے والے الفاظ کی فہرست ہے:

(a) حاضر،ضروری (b) ممکن،خیال (c) دیس،دوست (d) ملکی،حسن

سوال نمبر7۔ مختلف معانی والے ہم شکل الفاظ کے درست استعمال کی مثال ہے:

(a) کان کن کان سے نمک نکالتے ہیں۔ (b) دایاں کان پکڑوں یا بایاں کان؟

(c) کیا تم نے میرے کان سے کان لگایا؟ (d) کان میں میرے کان بند ہو گئے۔

سوال نمبر8۔ ''کچھ نہ ملنے سے تھوڑا مل جانا ہی اچھا'' کے لیے ضرب المثل ہے:

(a) انت بھلا سو بھلا (b) چور مچائے شور (c) بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی (d) مان نہ مان میں تیرا مہمان

سوال نمبر9۔ لفظ ''افسر'' سے الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) افسر،اختر،انور،اخضر (b) افسر،راحت،تاجر،رنگت (c) افسر، فرق،سرد،ریوڑ (d) افسر،کلرک،ملازم،دفتر

سوال نمبر10۔ روزمرہ کے درست جملے کی مثال ہے:

(a) آمنہ رات جانے تک پڑھتی رہی۔ (b) آمنہ رات پڑنے تک پڑھتی رہی۔

(c) آمنہ رات گئے تک پڑھتی رہی۔ (d) آمنہ رات چھانے تک پڑھتی رہی۔

سوال نمبر11۔ ''سانپ مار دیا گیا''۔ یہ جملہ فعل معروف کے مطابق ہوگا:

(a) سانپ مار دیا جائے گا۔ (b) سانپ مار دیا گیا ہے۔ (c) سانپ مارا جائے گا۔ (d) اُس نے سانپ مار دیا۔

سوال نمبر12۔ محاورے کا درست استعمال ہے:

(a) اس نے ٹھوکر کھائی۔ (b) اس نے ٹھوکر لگائی۔ (c) اس نے ٹھوکر ماری۔ (d) اس نے ٹھوکر دی۔

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 16,15,14,13 اور 17 کے جوابات دیں۔

ایڈیٹر صاحبہ! اس مرتبہ ایک غزل ارسال کر رہی ہوں۔ امید ہے ، اپنی رائے سے ضرور نوازیں گی، خواہ ایک سطر ہی میں سہی۔ پچھلے شمارے میں مہرین منیر احمد کا مضمون سب سے اچھا لگا۔ مجھے معلوم ہے کہ میرا اسلوب اتنا اچھا نہیں کہ آپ کے اس پروگرام کا حصہ بن سکوں اور آپ کے جوابات سے یہ اندازہ بھی لگایا ہے کہ بیش تر قارئین نظمیں، غزلیں وغیرہ ارسال کرتے رہتے ہیں، مگر میگزین کا بہت ہی کم حصہ ایسی تحریروں کے لیے مختص کیا گیا ہے۔ میں تنقید نہیں کر رہی، محض اپنا تجزیہ پیش کر رہی ہوں کہ آج کل بے شمار نوجوان ایسے ہیں، جو باقاعدہ شاعر بننے کے متمنی ہیں لیکن کوئی اصلاح کرنے والا نہیں ملتا۔

سوال نمبر13۔ اس طرح کی عبارت کہلاتی ہے:

(a) خط (b) نظم (c) کہانی (d) غزل

سوال نمبر14۔ متمنی کے معنی ہیں:

(a) مطمئن رہنے والا (b) مقابلہ کرنے والا (c) تماشا دیکھنے والا (d) تمنا رکھنے والا

Result.pk

سوال نمبر 15۔ ''بہت ہی کم حصہ ان تحریروں کے لیے مختص کیا گیا ہے۔'' اس جملے میں تحریروں سے مراد ہے:

(a) کہانی (b) اشتہار (c) نظمیں (d) خطوط

سوال نمبر 16۔ عبارت کے مطابق مصنف نے ارسال کی:

(a) تجویز (b) خبر (c) رپورٹ (d) غزل

سوال نمبر 17۔ اس عبارت میں مخاطب کیا گیا ہے:

(a) ایڈیٹر کو (b) قارئین کو (c) شعرا کو (d) مہرین کو

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 21,20,19,18 اور 22 کے جوابات دیں۔

شجر کی ایک ٹہنی پر کوئی بلبل تنہا اداس بیٹھا تھا اور اپنے آپ سے کہہ رہا تھا کہ اُڑنے چگنے میں دن گزار لیا۔ اب رات سر پر آ گئی ہے۔ ہر چیز پر اندھیرا چھا گیا ہے۔ میں اپنے آشیانے تک کیسے پہنچوں؟ بلبل کی آہ وزاری سن کر قریب سے ایک جگنو بولا جناب! میں اگر چہ چھوٹا سا کیڑا ہوں؛ مگر جان و دل سے مدد کو حاضر ہوں۔ اندھیری رات کا کیا غم ہے اللہ نے مجھے مشعل کی طرح چمکنے والا دِیا عطا کیا ہے۔ میں آپ کی راہ میں روشنی کروں گا۔ اس لیے کہ دنیا میں وہی لوگ اچھے ہیں جو دوسروں کے کام آتے ہیں اور اندھیروں میں اجالے پھیلاتے ہیں۔

سوال نمبر 18۔ بلبل تنہا اور۔۔۔۔۔۔۔بیٹھا تھا۔

(a) خوش (b) اداس (c) پریشان (d) فکرمند

سوال نمبر 19۔ بلبل کو فکر تھی:

(a) دانہ چگنے کی (b) آشیانے تک پہنچنے کی (c) اندھیرے کی (d) روشنی حاصل کرنے کی

سوال نمبر 20۔ جگنو ایک کیڑا ہے جو دیتا ہے:

(a) روشنی (b) اندھیرا (c) خوشبو (d) آواز

سوال نمبر 21۔ جگنو چمکتا ہوا، بہتر دکھائی دیتا ہے:

(a) صبح کو (b) دوپہر کو (c) سہ پہر کو (d) رات کو

سوال نمبر 22۔ اس عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) اُداسی (b) اندھیرا (c) ہمدردی (d) روشنی

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 26,25,24,23 اور 27 کے جوابات دیں۔

دنیا میں ہر انسان کسی نہ کسی طریقے سے دوسرے انسان کی مدد کر سکتا ہے۔ یہ درحقیقت اپنی ہی مدد ہوتی ہے۔ کیوں کہ ہر انسان پر اچھا برا وقت آتا رہتا ہے۔ اگر ایک انسان آڑے وقت میں دوسروں کی مدد کرتا ہے تو پھر جب اس پر کوئی مشکل وقت آتا ہے تو دوسرے بھی اس کی مدد کرتے ہیں۔ ہم ایک دوسرے کا خیال رکھیں گے تو دوسرے بھی مشکل گھڑی میں ہماری مدد کریں گے۔ اس سے بھائی چارے کو فروغ ملے گا اور معاشرہ بھی ترقی کرے گا۔ دنیا کے تمام مہذب معاشرے اپنے افراد کو ایسی ہی انسانیت کا درس دیتے ہیں۔

سوال نمبر 23۔ دوسروں کی مدد میں ہے:

(a) اپنا نقصان (b) اپنی مدد (c) پیسے کا ضیاع (d) پریشانی

Result.pk

سوال نمبر 24۔ اس عبارت سے ہمیں سبق ملتا ہے:

(a) دوسروں کو ان کے حال پر چھوڑنے کا
(b) دوسروں کے مدد مانگنے کا
(c) دوسروں کی مدد نہ کرنے کا
(d) دوسروں کی مدد کرنے کا

سوال نمبر 25۔ لفظ ''آڑے'' کا معنی ہے:

(a) مشکل (b) مدد (c) وسیلہ (d) آسان

سوال نمبر 26۔ تہذیب یافتہ معاشرے افراد کو سکھاتے ہیں:

(a) تجارت (b) انسانیت (c) ملازمت (d) انانیت

سوال نمبر 27۔ اس عبارت کا مرکزی خیال ہے:

(a) باہمی تعاون (b) اپنا اپنا غیر غیر (c) براوقت (d) مشکل وقت

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 28، 29، 30، 31 اور 32 کے جوابات دیں۔

مصر کے علامہ رشید رضا، افغانستان کے جمال الدین افغانی، ہندوستان کے محمد علی جوہر اور علامہ محمد اقبال، مراکش کے ایف عبدالکریم اور تیونس کے جناب سنیوسی اسلامی دنیا کے وہ مفکر تھے، جنھوں نے مسلمانوں کے اتحاد کا نعرہ لگایا۔ چنانچہ ۱۹۲۶ء میں مکہ مکرمہ میں مختلف اسلامی مفکرین کا اجلاس ہوا جس میں عالم اسلام کے مسائل پر غور و فکر کر کے ان کے حل کی تجاویز مرتب کی گئیں۔ اسی اجلاس میں ایک ادارے کی بنیاد رکھی گئی جو مؤتمر عالم اسلامی کے نام سے مشہور ہے۔ یہ ادارہ مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہے۔

سوال نمبر 28۔ جمال الدین افغانی کا تعلق ہے:

(a) تیونس (b) مصر (c) افغانستان (d) مراکش

سوال نمبر 29۔ مؤتمر عالم اسلامی کی بنیاد رکھی گئی:

(a) ۱۹۲۳ء میں (b) ۱۹۲۴ء میں (c) ۱۹۲۵ء میں (d) ۱۹۲۶ء میں

سوال نمبر 30۔ ''مؤتمر عالم اسلامی'' کوشاں ہے:

(a) مسلمانوں کی فلاح و بہبود کے لیے
(b) مسلمانوں کی ثقافت کے فروغ کے لیے
(c) تمام انسانوں کی بھلائی کے لیے
(d) ادب کو فروغ دینے کے لیے

سوال نمبر 31۔ عالم اسلام کے مسائل کا بہترین حل ہے:

(a) مسلمانوں کا اتحاد
(b) کھیلوں کا فروغ
(c) مفکرین کا غور و فکر
(d) اچھے اداروں کا قیام

سوال نمبر 32۔ درج بالا عبارت کا مناسب عنوان ہے:

(a) تمام ممالک کا اتحاد
(b) مسلم ممالک کا اتحاد
(c) غیر مسلم ممالک کا اتحاد
(d) ایشیا کے ممالک کا اتحاد

Result.pk